**29.03.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......عبدالواحد

**Music**

---

☆ وزیر اعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی نے کہا ہے کہ مرکز نے مغربی ایشیا میں جاری بحران کے دوران وہاں مقیم بھارتی شہریوں کی سلامتی کو ترجیح دی ہے۔ انہوں نے کیرلم کے Palakkad میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کیا۔

☆ کانگریس نے مغربی بنگال اسمبلی انتخابات کیلئے 284امیدواروں کی فہرست جاری کی ہے۔

☆ آکاشوانی پر 'من کی بات' پروگرام میں وزیر اعظم نے مغربی ایشیا کے بحران کے پیش نظر شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ چوکس رہیں اور صرف سرکاری معلومات پر ہی اعتماد کریں۔

☆ افغانستان کے مختلف علاقوں میں سیلاب اور مٹی کے تودے گرنے سے 17افراد ہلاک اور 26زخمی ہوگئے ہیں۔

☆ اور IPL کرکٹ میں ممبئی میں کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے ممبئی انڈینس کے سامنے جیت کیلئے 221رن کا نشانہ رکھا ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**Rev. PM Palakkad**

وزیر اعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی نے آج کہا کہ مرکز نے مغربی ایشیا میں جاری بحران کے دوران وہاں مقیم بھارتی شہریوں کی سلامتی کو ترجیح دی ہے، جہاں خاص طور پر کیرالہ کے کافی لوگ موجود ہیں۔ Palakkad میں آج سہ پہر ایک انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے مغربی ایشیا کے تنازع پر حکومت کے ردّ عمل کو اجاگر کیا اور کہا کہ بھارت صورتحال کی قریبی نگرانی کر رہی ہے اور ملک پر اس کے اثرات کو کم کرنے کیلئے سرگرمی کے ساتھ کام کر رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ بھارتی شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے متاثرہ ملکوں کے رہنماؤں سے مسلسل رابطے میں ہیں۔

**S/B: PM- West Asia- Karalam**

انہوں نے کہا کہ بھارتی سفارت خانے متاثرہ علاقوں میں بھارتی شہریوں کو مدد فراہم کرنے کیلئے چوبیس گھنٹے کام کر رہے ہیں۔انہوں نے کانگریس پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ حساس معاملے کو سیاسی رنگ دے رہی

ہے اور خطرناک بیانات دے رہی ہے۔ جناب مودی نے الزام لگایا کہ کانگریس خلیجی ملکوں میں رہنے والے تقریباً ایک کروڑ بھارتیوں کی سلامتی کی قیمت پر سیاسی فائدہ اٹھانا چاہتی ہے۔ وزیر اعظم نے ریاست کی بڑی سیاسی پارٹیوں، لیفٹ ڈیموکریٹک فرنٹ اور یونائیٹڈ ڈیموکریٹک فرنٹ کی بھی سخت نکتہ چینی کی اور انہیں بدعنوانی کے چکر میں ریاست کو پھنسانے کا ذمہ دار ٹھہرایا۔ جناب مودی، روڈ شو کے دوران Swaraj راؤنڈ سے ایک خصوصی گاڑی میں گزرے اور سڑک کے دونوں اطراف موجود لوگوں کا خیرمقدم کیا۔x

**Congress WB List**

کانگریس نے مغربی بنگال اسمبلی انتخابات کیلئے 284امیدواروں کی فہرست جاری کی ہے۔ کانگریس نے سابق رکنِ پارلیمنٹ ادھیر رنجن چودھری کو برہم پور حلقے سے امیدوار بنایا ہے، جبکہ پردیپ پرساد کو بھوانی پور، سابق رکنِ پارلیمنٹ موسم نور کو مالتی پور، S.K. Jariatul Hossain کو نندی گرام، سہاشش بھٹا چاریہ کو پانی ہاٹی اور رنجیت مکھرجی کو بِدھان نگر حلقے سے ٹکٹ دیا گیا ہے۔ مغربی بنگال کے 294اسمبلی حلقوں کے لیے دو مرحلوں میں پولنگ ہوگی۔ پہلے مرحلے کے تحت 23اپریل کو، جبکہ دوسرے مرحلے کیلئے 29اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ووٹوں گنتی 4مئی کو کی جائے گی۔ x

**Mamta Rally**

مغربی بنگال کی وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے اسمبلی انتخابات سے قبل BJP کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ پرولیا میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے اپوزیشن پر فسادات بڑھکانے کا الزام عائد کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے یہ بھی الزام لگایا کہ BJP دوسری ریاستوں میں بنگالی بولنے والوں کو نشانہ بنا رہی ہے۔ مغربی بنگال میں انتخابات دو مرحلوں میں ہوں گے، جس میں پہلے مرحلے کی ووٹنگ 23اپریل اور دوسرے مرحلے کی ووٹنگ 29اپریل کو ہوگی۔ ووٹوں کی گنتی 4مئی کو کی جائے گی۔x

**Assam Assembly**

آسام میں ایک درج فہرست قبائل کیلئے مخصوص دھیماجی اسمبلی حلقے کے ساتھ ساتھ ریاست کی دیگر 125 اسمبلی نشستوں کیلئے 9اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ یہ حلقہ دیہی آبادی پر مشتمل ہے اور زراعت یہاں کے باشندوں کا بنیادی ذریعہ معاش ہے۔ یہاں سیلاب کی صورتحال، لوگوں کیلئے تشویش کا باعث ہے۔
پیش ہے ایک رپورٹ

**VC**

آسام میں 2023 کی حدبندی کے بعد ریاست کے بالائی علاقوں میں دھیماجی اسمبلی حلقہ اس مرتبہ واضح طور پر ایک مختلف قسم کا منظرنامہ پیش کر رہا ہے۔ سب سے بڑی تبدیلی ووٹروں کی تعداد میں کمی بھی ہے۔ 2021میں حدبندی سے پہلے اس حلقے میں دو لاکھ 47ہزار سے زیادہ ووٹر تھے اور 77اعشاریہ چار سات فیصد ووٹنگ درج کی

گئی تھی۔ اس مرتبہ کُل ووٹروں کی تعداد ایک لاکھ 78ہزار 880ہے جو کہ ووٹروں کی تعداد میں نمایاں کمی کو اجاگر کرتی ہے۔ اس کے باوجود یہ اسمبلی حلقہ اپنی سیاسی اہمیت برقرار رکھے ہوئے ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ اس وقت خواتین ووٹروں کی تعداد مردوں سے زیادہ ہے۔ اس اسمبلی حلقے میں مرد ووٹروں کی تعداد 88ہزار 857ہے جبکہ خواتین ووٹروں کی تعداد 90ہزار 23ہے۔

ووٹنگ کے شفاف انعقاد کو یقینی بنانے کیلئے انتخابی کمیشن نے حلقے میں 226پولنگ مراکز قائم کئے ہیں۔

اس اسمبلی حلقے سے BJP کے سینئر لیڈر اور کابینی وزیر ڈاکٹر Ranoj Pegu ایک مرتبہ پھر قسمت آزما رہے ہیں۔ ان کا مقابلہ کانگریس پارٹی کے Sailen Sonowal اور ترنمول کانگریس کے نریندر کمار Paw سے ہے۔

اہم مقامی مسائل اور امیدواروں کی متنوع موجودگی کے سبب دھیماجی اسمبلی حلقہ توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے۔

گواہاٹی سے راکیش ڈولے کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمد شہزاد

## Amit Shah Assam Election

بی جے پی کے سینئر رہنما امت شاہ نے آج کہا کہ BJP نے آسام میں غیر قانونی امیگرینٹس کی آمد کو روک دیا ہے اور آئندہ پانچ برسوں میں انہیں ملک بدر کرنے کے لیے کام کرے گی۔ وہ آج سہ پہر سونیت پور ضلع کے ڈھیکیاجولی میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کر رہے تھے۔

ریاست میں BJP سرکار کی کامیابیوں کو اجاگر کرتے ہوئے، جناب شاہ نے کہا کہ گزشتہ دس برس میں آسام بڑی حد تک شورش سے پاک ہو گیا ہے جس سے خطے میں امن قائم ہوا ہے اور نئے مواقع پیدا ہوئے ہیں۔

انہوں نے کانگریس پر الزام لگایا کہ وہ اپنے دورِ حکومت میں امن و امان برقرار رکھنے میں ناکامی رہی، جس کے نتیجے میں سینکڑوں نوجوانوں کی جانیں ضائع ہوئیں۔

وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت کا ذکر کرتے ہوئے، جناب شاہ نے کہا کہ کئی امن سمجھوتے کیے گئے جس سے خطے میں استحکام بحال ہوا۔ انہوں نے BJP کے دورِ حکومت میں آسام میں نافذ کیے گئے مختلف ترقیاتی اور فلاحی اقدامات کو بھی اجاگر کیا۔x

## Keralam CM

کیرلم کے وزیر اعلیٰ Pinarayi Vijayan نے آئندہ اسمبلی انتخابات کیلئے CPIM اور SDPI کے درمیان مبینہ سمجھوتے کے الزامات کو مسترد کرتے ہوئے اِسے بے بنیاد قرار دیا ہے۔ Tirur کے مقام پر ایک جلسۂ عام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یونائیٹیڈ ڈیموکریٹک فرنٹ UDF، سیاسی فائدے کیلئے اس طرح کا دعویٰ کر رہا ہے۔ جناب Vijayan نے اس بات کا اعادہ کیا کہ لیفٹ ڈیموکریٹک فرنٹ LDF نے فرقہ واریت کے خلاف ہمیشہ مضبوط مؤقف اپنایا ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ اقتدار میں حکومت کی واپسی، کسی چالاکی کے سبب نہیں بلکہ بہتر کارکردگی کا نتیجہ تھی۔ انہوں نے کہا کہ عوام نے پچھلے 10برس میں ترقی اور سماجی تحفظ کا خوشگوار تجربہ کیا ہے۔ x

## Puducherry Electiojn Campaign

پڈوچیری میں انتخابی مہم میں شدت آگئی ہے جہاں بڑی سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں نے مختلف حلقوں میں ووٹروں تک رسائی کیلئے کوششیں تیز کردی ہیں۔ رہنماؤں اور امیدواروں نے گھر گھر جاکر انتخابی مہم چلائی اور روڈ شو کے ذریعے ووٹروں سے رابطہ کیا اور اُنھیں اپنے انتخابی ایجنڈے سے آگاہ کیا۔x

## PM Mann Ki Baat

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے مغربی ایشیا کی صورتحال پر یہ کہتے ہوئے تشویش ظاہر کی ہے کہ پیٹرول اور ڈیزل کی سپلائی کے تعلق سے ایک عالمی بحران پیدا ہورہا ہے۔ آکاشوانی پر 'مَن کی بات' پروگرام میں، ملک کے لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے، جناب مودی نے کہا کہ یہ بڑے چیلنج والا دور ہے کیونکہ بھارت کی توانائی کی ضروریات کیلئے یہ خطہ ایک اہم مرکز ہے۔

وزیرِ اعظم نے کہا کہ بھارت کے مضبوط عالمی تعلقات، مختلف ساجھیدار ملکوں سے ملنے والی حمایت نیز گذشتہ دہائی کے دوران بھارت نے، جو صلاحیت حاصل کی ہے، اُس کی بدولت ملک کو حالات سے نمٹنے میں مدد ملی ہے۔

جناب مودی نے تمام شہریوں سے اپیل کی کہ وہ چوکس رہیں اور افواہوں سے گمراہ نہ ہوں۔

انہوں نے کہا کہ صرف حکومت کی جانب سے فراہم کی جانے والی مسلسل معلومات پر ہی اعتماد کریں۔

**S/B: PM- Politics Rumours**

آج کے 'من کی بات' پروگرام میں وزیر اعظم نریندر مودی نے ''گیان بھارتم سروے'' کو اجاگر کیا، جو بھارت کی عظیم ثقافت اور مالامال ورثے کو اجاگر کرنے کیلئے عوامی شرکت کے جذبے کی عکاسی کرتا ہے۔ وزیر اعظم نے ملک کی تعمیر نیز بجٹ سے متعلق تجاویز اور مضمون نویسی مقابلے جیسے اقدامات میں نوجوانوں کی بڑے پیمانے پر شمولیت کا ذکر کرتے ہوئے My Bharat کے رول کی ستائش کی۔

**S/B: MKB-MY Bharat**

وزیرِ اعظم نے پانی کی بچت کے معاملے پر بھی اظہارِ خیال کیا اور کہا کہ ملک کے کئی حصوں میں موسم گرما کے آغاز کے ساتھ ہی وقت کا تقاضا ہے کہ ہم پانی کی بچت کے تئیں اپنے عہد کا اعادہ کریں۔ انہوں نے اجاگر کیا کہ حکومت، ماہی گیروں کی زندگی کو بہتر بنانے کیلئے کئی اقدامات کر رہی ہے اور انہیں خود کفیل بھارت کا ایک مضبوط ستون قرار دیا۔ x

## West Asia Daily Briefing

حکومت نے کہا ہے کہ ملک بھر کے پٹرول پمپوں پر پٹرول اور ڈیزل کے وافر ذخائر دستیاب ہیں۔ اُس نے عوام کو افواہوں پر یقین نہ کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ پٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت نے بتایا کہ صارفین کی سہولت کے لیے پٹرول اور ڈیزل پر ایکسائز محصول میں فی لیٹر 10 روپے کی کمی کی گئی ہے۔

ہوائی جہازوں کے ایندھن پر برآمدی محصول بھی عائد کی گئی ہے تاکہ ملک کے اندر اس کی دستیابی کو یقینی

بنایا جا سکے۔ وزارت نے کہا کہ گھریلو LPG کی سپلائی معمول کے مطابق ہے اور روزانہ 55لاکھ سے زیادہ سلنڈر فراہم کیے جا رہے ہیں۔ کمرشیل LPG کی سپلائی، بحران سے پہلے کی سطح کے تقریباً 70فیصد تک پہنچ گئی ہے۔

قدرتی گیس کو گھریلو استعمال اور ٹرانسپورٹ کے لیے ترجیح دی جا رہی ہے جبکہ PNG کنکشن تیزی سے بڑھائے جا رہے ہیں۔ وزارت کے مطابق صرف مارچ کے مہینے میں 2لاکھ 90ہزار سے زیادہ نئے کنکشن فراہم کیے گئے ہیں جن میں گھریلو اور کمرشیل دونوں کنکشن شامل ہیں۔وزارت نے مزید کہا کہ یوریا پلانٹس کو گیس کی فراہمی اب پچھلے چھ ماہ کے اوسط استعمال کے تقریباً 70سے 75فیصد تک مستحکم ہو چکی ہے۔ سپلائی کو برقرار رکھنے کیلئے اضافی LNG اور RLNG حاصل کی جا رہی ہے۔x

## Maha Fuel Managment

عالمی ایندھن کے بحران کے درمیان، مہاراشٹر کے کئی اضلاع ایندھن کے موثر انتظام اور انتظامی نگرانی کے مثال کے طور پر سامنے آئے ہیں۔ دھاراشیو، ناسک، لاتور اور دھولے جیسے اضلاع میں ضروری ایندھن کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنایا گیا ہے، جبکہ بُلڈھانا میں سخت نگرانی انتظامیہ کے محفوظ اور قانون کی بالادستی کے عزم کی عکاسی کرتی ہے۔x

## Gulf High Alert

اسرائیل نے رات میں وسطی تہران پر اہم فوجی بنیادی ڈھانچے پر حملہ کیا، جبکہ ایران خلیجی ممالک پر میزائل اور ڈرون حملے جاری رکھے ہوئے ہے۔ اسرائیل کی دفاعی افواج نے کہا کہ اُس نے ہتھیار تیار کرنے، میزائلوں کے ٹھکانوں، فضائی دفاعی نظام اور کمان سینٹر کو نشانہ بناتے ہوئے ایران کے فوجی بنیادی ڈھانچے پر حملہ کیا ہے۔ کئی کمانڈروں کے مارے جانے کی بھی اطلاع ہے۔

اس دوران، خلیجی خطے میں دفاعی افواج ہائی الرٹ پر ہیں، کیونکہ ایران کی جانب سے متحدہ عرب امارات، کویت اور بحرین پر میزائل اور ڈرون سے حملے جاری ہیں۔ یہ حملے اِس سے قبل، ایرانی اسٹیل پلانٹ پر کئے گئے امریکی اور اسرائیلی حملے کے جواب میں کئے گئے۔امارات گلوبل ایلومینیم نے اطلاع دی ہے کہ اُس کے ابوظہبی میں واقع الطَویلہ پلانٹ کو نقصان پہنچا ہے جبکہ ایلومینیم بحرین کے مطابق اُس کے دو کارکنوں کو معمولی چوٹیں آئی ہیں۔x

## Afganistan Flood

افغانستان میں پچھلے 24 گھنٹے کے دوران شدید سیلاب، مٹی کے تودے گرنے اور طوفانی بارش کے سبب 17 افراد ہلاک اور 26زخمی ہو گئے ہیں۔ حکام نے خبردار کیا ہے کہ ہلاکتوں کی تعداد میں مزید اضافہ ہو سکتا ہے کیونکہ قدرتی آفات کی صورت میں کام کرنے والی قومی اتھارٹی کی ٹیمیں، متاثرہ علاقوں کا سروے جاری رکھے ہوئی ہے۔ افغانستان کے 34صوبوں میں سے 13صوبے، خاص طور پر مغربی، وسطی اور شمال مغربی علاقے، اس شدید موسم سے متاثر ہیں۔ x

## IMD Weather

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے آج جموں وکشمیر، لداخ، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، ہماچل پردیش، پنجاب اور مغربی راجستھان کیلئے آندھی–طوفان کے ساتھ ژالہ باری کا اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ محکمہ موسمیات نے شمال مشرقی خطے میں شدید بارش کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ اس کے علاوہ، کرناٹک، اڈیشہ، چھتیس گڑھ، تلنگانہ، اتراکھنڈ اور مدھیہ پردیش میں کل گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ آندھی کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔x

## JK Snowfall

جموں وکشمیر کے بالائی علاقوں میں تازہ برفباری کے سبب دو قومی شاہراہیں بند ہوگئی ہیں جبکہ وادی کے میدانی علاقوں میں بارش ہوئی ہے۔ محکمہ موسمیات نے آج بتایا کہ مغربی سمت سے ہونے والی رکاوٹ کے زیر اثر گلمرگ، پہلگام اور سون مرگ–زوجیلا سمیت بالائی علاقوں میں ہلکی سے درمیانی برفباری ہوئی ہے۔ تازہ برفباری کے سبب سرینگر–لیہہ قومی شاہراہ اور باندی پورہ–گوریز سڑک بند کردی گئی ہے۔x

## VP Justice

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے کہا ہے کہ انصاف سب کیلئے قابل رسائی اور کفایتی ہونا چاہیئے نہ کہ کچھ خاص لوگوں تک محدود ہونا چاہیئے۔ انھوں نے قانون اور انصاف کے ذریعے DISHA اسکیم کے تحت نئی دلّی میں آج Tele-Law پروگرام کی سرگرمیوں پر قومی مشاورت سے خطاب کرتے ہوئے اِن خیالات کا اظہار کیا۔ نائب صدر جمہوریہ نے اِس بات پر زور دیا کہ بروقت انصاف کی فراہمی ہر شہری کا بنیادی حق ہے۔

## IPL

IPL کرکٹ میں ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں کھیلے جا رہے دوسرے میچ میں کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے ممبئی انڈینس کے سامنے جیت کیلئے 221رن کا نشانہ رکھا ہے۔ کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے مقررہ بیس اوورز میں 4 وکٹ پر 220رن بنائے۔ Ajinkya Rahane نے سب سے زیادہ 40 گیندوں میں 67رن بنائے۔

اِس سے پہلے ممبئی انڈینس نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ دو مہینے تک جاری رہنے والا یہ ٹورنامنٹ 31مئی کو اختتام پذیر ہوگا۔

کل چنئی سپر کنگس کا سامنا راجستھان رائلس سے ہوگا۔ یہ میچ کل شام ساڑھے 7 بجے شروع ہوگا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆